بدھ 2/اپریل 2008ء

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 2/اپریل 2008ء 24 ربیع الاول 1429 ہجری 2 شہادت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 75

حضرت خبابؓ کی نجات

حضرت خبابؓ کی مالکن ام انمار لوہے کو سخت گرم کرتی اور حضرت خبابؓ کے سر پر رکھ دیتی۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس شکایت کی تو رسول اللہؐ کی دعا سے ام انمار کو سر میں ایک بیماری ہوگئی اور حضرت خباب نے اس ظلم سے نجات پائی۔

(اسد الغابہ جلد2 ص98- از عبدالکریم الجزری مکتبہ اسلامیہ طہران)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اہل جماعت غور سے سنیں اور اس بات کو سمجھیں کہ دونوں قسم کی تکالیف خدا تعالیٰ نے تمہارے واسطے رکھی ہیں۔ اول تکالیف شرعی ہیں ان کی برداشت کرو۔ دوسری تکالیف قضا وقدر کی ہیں۔ اکثر انسان شرعی تکالیف کو کسی نہ کسی طرح ٹال دیتے ہیں اور ان کو پورے طور سے ادا نہیں کرتے۔ مگر قضا وقدر سے کون بھاگ سکتا ہے۔ اس میں انسان کا اختیار نہیں۔

یاد رکھو۔ انسان کے واسطے یہی ایک عالم نہیں بلکہ اس کے بعد ایک اور عالم ہے۔ یہ تو ایک بہت ہی مختصر زندگی ہے کوئی پچاس ساٹھ سال کی عمر میں مرگیا۔ کسی نے دس بارہ سال اور گزار لئے۔ اس جگہ کی مصائب کا خاتمہ تو موت کے ساتھ ہو جاتا ہے مگر اس عالم کا خاتمہ نہیں۔ جب قیامت برحق ہے اور وہ ایمان کا لازمہ ہے تو اس چند روزہ زندگی کی تکالیف کا برداشت کر لینا کیا مشکل ہے۔ اس دائمی جہان کے واسطے کوشش کرنی چاہئے۔ جو شخص کوئی تکلیف بھی نہیں اٹھاتا۔ وہ کیا سرمایہ رکھتا ہے۔ مومن کی نشانی یہ ہے کہ وہ صرف صبر کرنے والا نہ ہو بلکہ اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ مصیبت پر راضی ہو۔ خدا کی رضا کے ساتھ اپنی رضا ملا لے۔ یہی مقام اعلیٰ ہے۔ مصیبت کے وقت خدا تعالیٰ کی رضا کو مقدم رکھنا چاہئے۔ منعم کو نعمتوں پر مقدم رکھو۔ بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ جب ان پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ شکوہ شروع کرتے ہیں گویا خدا تعالیٰ کے ساتھ قطع تعلق کرتے ہیں۔ بعض عورتیں کوستی ہیں اور گالیاں دیتی ہیں۔ بعض مرد بھی ایمانی حالت میں ناقص ہوتے ہیں۔ یہ ایک ضروری نصیحت ہے اور اس کو یاد رکھو کہ اگر کوئی شخص مصیبت زدہ ہو تو اسے ڈرنا چاہئے کہ ایسا نہ ہو کہ اس سے بڑھ کر اس پر کوئی مصیبت گرے۔ کیونکہ دنیا دار المصائب ہے اور اس میں غافل ہو کر بیٹھنا اچھا نہیں۔ اکثر مصائب متنبہ کرنے کے واسطے آتے ہیں۔ ابتداء میں اس کی صورت خفیف ہوتی ہے۔ انسان اس کو مصیبت نہیں سمجھتا پھر وہ بیتاب کرنے والی مصیبت ہو جاتی ہے۔ دیکھو اگر کسی کو آہستگی سے دبایا جائے تو اس کے بدن کو آرام پہنچتا ہے۔ وہی ہاتھ زور سے مارا جائے تو موجب دکھ ہو جاتا ہے۔ ایک مصیبت سخت ہوتی ہے جو وبال جان بن جاتی ہے۔ قرآن شریف نے ہر دو مصائب کا ذکر کر دیا ہے۔

مصائب رفع درجات کے واسطے ہوتے ہیں حضرت ابراہیمؑ اس بات پر روتے دھوتے نہ رہے کہ خدا تعالیٰ نے مجھ سے بیٹا مانگا ہے بلکہ انہوں نے اس بات پر خدا تعالیٰ کا شکر کیا کہ ایک خدمت کا موقعہ ملا ہے۔ لڑکے کی ماں نے بھی رضامندی دی اور لڑکا بھی اس بات پر راضی ہوا۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 417)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ جمعہ 5 بجے نشر ہوگا

❁ لندن میں وقت کی تبدیلی کی وجہ سے 4-اپریل 2008ء سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق شام 6 بجے کی بجائے 5 بجے نشر ہوا کرے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

مکرم ڈاکٹر غلام سرور صاحب راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے

❁ محترم ناظر صاحب امور عامہ اطلاع دیتے ہیں۔

احباب جماعت کو نہایت افسوس کے ساتھ اطلاع دی جارہی ہے کہ مکرم ڈاکٹر غلام سرور صاحب آف سنگھوںزد اچینی پایاں۔ پشاور کو مخالفین نے 19 مارچ کو ان کے گھر پر فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا۔ فوری طور پر ہسپتال لے جایا گیا جہاں ان کی وفات ہوگئی۔ مرحوم کی عمر 70 سال سے زائد تھی۔ میڈیکل پریکٹیشنر تھے۔ علاقہ میں بااثر اور جماعتی غیرت رکھنے والے دلیر انسان تھے۔ قبل ازیں بھی ان پر متعدد قاتلانہ حملے ہوئے تھے۔

مرحوم کے پسماندگان میں اہلیہ ثانی کے علاوہ 3 بیٹے اور 6 بیٹیاں ہیں۔ سب بچے شادی شدہ ہیں وفات سے اگلے روز نماز جنازہ کے بعد مقامی قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ تاحال قاتل گرفتار نہیں ہوسکے۔

حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 28 مارچ 2008ء میں مرحوم کے اوصاف حمیدہ کا تذکرہ فرمایا اور نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

چندہ تحریک جدید

اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق سیدنا حضرت مصلح موعود نے 1934ء میں تحریک جدید جاری فرمائی تو آپ نے جماعت کے سامنے اس کے اغراض ومقاصد یوں بیان فرمائے کہ:۔

''تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعے ہمارے پاس ایسی رقم جمع ہو جائے جس سے خدا تعالیٰ کے نام کو دنیا کے کناروں تک آسانی اور سہولت کے ساتھ پہنچایا جا سکے۔ تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تا کہ کچھ افراد ایسے میسر آ جائیں جو اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے دین کی اشاعت کے لئے وقف کر دیں اور اپنی عمریں اسی کام میں لگا دیں۔ تحریک جدید کو اس لئے جاری کیا گیا ہے تا کہ وہ عزم و استقلال ہماری جماعت میں پیدا ہو جو کام کرنے والی جماعتوں کے اندر پیدا ہونا ضروری ہوتا ہے۔''

(مطالبات صفحہ 5)

اس ارشاد میں اولاً مالی قربانی کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ اس لئے جماعتوں کی آگاہی کے لئے سیدنا حضرت مصلح موعود کے ارشاد کی روشنی میں اس مالی قربانی کی حیثیت اور صحیح معیار پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ تحریک جدید کے چندے کی حیثیت اگرچہ طوعی ہے لیکن اس میں عدم شمولیت اپنے اندر بڑا انذاری پہلو رکھتی ہے اس ضمن میں حضرت مصلح موعود کے حسب ذیل دو ارشادات ہماری راہنمائی کے لئے کافی ہوں گے۔ فرمایا:

1۔ ''گو اس تحریک میں شامل ہونا اختیاری ہوگا مگر جو شخص اس میں شامل ہونے کی اہلیت رکھنے کے باوجود اس خیال کے ماتحت شامل نہیں ہوگا کہ خلیفہ نے شمولیت کو اختیاری قرار دیا ہے وہ مرنے سے پہلے اس دنیا میں یا مرنے کے بعد اگلے جہان میں پکڑا جائے گا۔'' (مطالبات صفحہ 9)

2۔ ''میں سمجھتا ہوں کہ ہر وہ شخص جو اپنے اندر ایمان کا ایک ذرہ بھی رکھتا ہے میری اس تحریک پر آگے آئے گا اور وہ شخص جو خدا تعالیٰ کے نمائندے کی آواز پر کان نہیں دھرتا اس کا ایمان کھویا جائے گا۔''

(مطالبات صفحہ 9)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان باتوں پر عمل کرنے کی توفیق سعید بخشے۔ (وکیل المال اول تحریک جدید)

درخواست دعا

مکرم ملک یوسف سلیم صاحب صدر محلّہ دارالنصر غربی اقبال ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم چوہدری خالد احمد صاحب وڑائچ دارالنصر غربی اقبال حال مقیم جرمنی کی اہلیہ مکرمہ صفیہ بیگم صاحبہ شدید علیل ہیں قومہ کی حالت میں ہسپتال میں داخل ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی دردمندانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو جلد صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین

نکاح وتقریب شادی

مکرم نصیر احمد چوہدری صاحب زعیم اعلیٰ انصار اللہ مقامی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بیٹے مکرم نوید احمد چوہدری صاحب سافٹ وئیر انجینئر مقیم لندن کے نکاح کا اعلان مکرمہ محسنہ محمودہ باجوہ صاحبہ بنت مکرم چوہدری ناصر احمد باجوہ صاحب مقیم ہمبرگ جرمنی سے مورخہ 14 مارچ 2008ء کو بیت الانوار دارالصدر شمالی میں مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے 5000 پونڈ حق مہر پر کیا۔ مورخہ 15 مارچ 2008ء کو دارالصدر غربی میں تقریب رخصتانہ ہوئی۔ اس موقع پر مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید مہمان خصوصی نے دعا کروائی۔ مورخہ 16 مارچ 2008ء کو کوٹھی بیگم چوہدری شاہنواز صاحب واقع دارالصدر غربی میں شام 7:15 بجے دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا جس میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے شمولیت فرمائی اور دعا کروائی۔

دلہا مکرم چوہدری محمد لطیف صاحب دھاریوال چک نمبر 62 جنوبی ضلع سرگودھا کے پوتے اور مکرم چوہدری محمد علی صاحب باجوہ آف چک نمبر 37 جنوبی سرگودھا کے نواسے جبکہ دلہن مکرم چوہدری محمد علی باجوہ صاحب آف چک نمبر 37 جنوبی سرگودھا کی پوتی اور مکرم چوہدری ممتاز احمد باجوہ صاحب آف چک نمبر 33 جنوبی سرگودھا کی نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے خوشیوں کا موجب اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم مقبول احمد چوہدری صاحب (ر) سپرنٹنڈنٹ ڈپٹی کمشنر کوارڈینیشن آفیسر بہاولنگر تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے خاکسار کے بیٹے مکرم عرفان احمد چوہدری صاحب انجینئر P.M.D.C اور خاکسار کی بہو محترمہ ثوبیہ قمر صاحبہ کو 20 مارچ 2008ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ مکرم چوہدری غلام نبی صاحب گرداور کی نسل سے، مکرم چوہدری عبدالحمید قمر صاحب ایڈووکیٹ اقبال کالونی بہاولنگر کی نواسی اور مکرم صوفی فضل محمد صاحب بہاولنگر کی نسل سے ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولودہ کو نیک اور خادمہ دین بنائے۔ صحت والی لمبی عمر سے نوازے اور والدین اور تمام خاندان کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم مظفر احمد منصور صاحب مربی ضلع اٹک تحریر کرتے ہیں۔

میرے چھوٹے بیٹے چوہدری منیر احمد منصور صاحب کیلگری کینیڈا کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے 17 فروری 2008ء کو بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ مکرم چوہدری مبارک احمد صاحب کیلگری کینیڈا کی نواسی ہے جس کا نام خدیجہ منصور رکھا گیا ہے۔ نومولودہ وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے نیک، صالحہ خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

نکاح وتقریب شادی

مکرم محمد حسین غضنفر صاحب معلم سلسلہ چک نمبر 171/T.D.A ضلع لیہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم غلام مصطفیٰ صاحب ابن مکرم چوہدری محمد اصغر صاحب فیض آباد لیہ شہر کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ منصورہ مظفر صاحبہ بنت مکرم مظفر احمد صاحب مرحوم آف چک نمبر 170/TDA ضلع لیہ کے ساتھ مکرم نصیر احمد بدر صاحب مربی ضلع لیہ نے مورخہ 25 مارچ 2008ء کو کیا۔ اسی دن رخصتی عمل میں آئی اور اگلے دن مکرم چوہدری محمد اصغر صاحب نے ولیمہ کا اہتمام کیا۔ دلہا مکرم محمد ابراہیم صاحب کے پوتے اور دلہن مکرم محمد اسماعیل صاحب کی پوتی ہیں اور ان کے والد محترم ایک لمبا عرصہ سیکرٹری مال کے فرائض سر انجام دیتے رہے۔ اور خود بھی سیکرٹری اشاعت لجنہ اماء اللہ رہی ہیں۔ احباب جماعت سے رشتہ کے ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

داخلہ ٹیسٹ کلاس پریپ

نظارت تعلیم کے ادارہ جات مریم گرلز ہائی سکول، بیوت الحمد، پرائمری سکول اور طاہر پرائمری سکول میں پریپ کلاس میں داخلہ جات کیلئے داخلہ ٹیسٹ مورخہ 20/اپریل 2008ء بروز اتوار صبح 9 بجے لیا جائے گا۔ واضح ہو کہ ہر سکول کا داخلہ ٹیسٹ اسی سکول میں ہوگا۔ پراسپیکٹس اور داخلہ فارم سکولز سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

(نظارت تعلیم)

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (مینیجر الفضل)

سانحہ ارتحال

مکرم نذیر احمد خادم صاحب نائب امیر ضلع بہاولنگر تحریر کرتے ہیں۔

مکرم چوہدری محمد مجید امجد صاحب سیکرٹری مال جماعت احمدیہ ہارون آباد ضلع بہاولنگر مورخہ 17 مارچ 2008ء کو بقضائے الٰہی وفات پا کر اپنے مولیٰ حقیقی سے جا ملے۔ آپ کی عمر 60 سال تھی۔ آپ کی نماز جنازہ 18 مارچ کو خاکسار نے چک 93/6R کے مقامی قبرستان میں پڑھائی اور تدفین کے بعد دعا بھی کروائی۔ مرحوم نے اپنے پیچھے اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے اور ایک بیٹی یادگار چھوڑی ہیں۔ آپ مکرم چوہدری محمد رفیق صاحب صدر جماعت احمدیہ 93/6R کے بھائی اور مکرم چوہدری شاہد پرویز صاحب صدر جماعت احمدیہ ہارون آباد کے چچا تھے۔ مرحوم بہت خوش اخلاق، ملنسار اور مہمان نواز تھے ہمیشہ جماعتی خدمت میں حصہ لیتے۔ مالی تحریکات میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین میں جگہ دے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کا حافظ وناصر ہو۔ آمین

ملازمت کے مواقع

ہوائی ٹیلی کام کو پاکستان اور مختلف ممالک میں درج ذیل انجینئرز درکار ہیں۔ انگلش اور عربی میں بات چیت کر سکتے ہوں۔ ٹیلی کام پروجیکٹس پر کام کرنے کا کم سے کم تین سال کا تجربہ ہو۔ ڈرائیونگ لائسنس ہو اور انجینئرنگ کی Relevant Degree ہونی ضروری ہے۔

Site Design Engineers, MW Design Engineers, RMP Engineers, SA Managment Engineers, E&M Engineers, BSS Engineers, RAN Engineers MW Engineers, Datacomm & Network Engineers, Application & Software Engineers, Procurement Engineers, Field Access Network Engineers, Electrical Engineers, Civil Work Engineers, Optical Transmission Engineers, Site Acquisition & Legal Executives, QA & QC Engineers, Core Network Engineers

معلومات اور CV's کیلئے درج ذیل ایڈریس پر رابطہ کریں۔

http://recruitment.huawei.com/recruiment/en/ اور

pakhr@huawei.com

(نظارت صنعت وتجارت)

پبلشر وپرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

احتساب کی ضرورت اور اس کے فوائد

مکرم حنیف احمد محمود صاحب

اس دُنیا میں خاندان کے اندر یا خاندان سے باہر ایک انسان کے جو رشتے استوار ہیں اُن میں سے ایک رشتہ انسان کا اپنی ذات سے ہے اپنے نفس سے ہے۔

انسان کا اپنی جان سے یہ رشتہ مادی بھی ہے اور روحانی بھی اور ہر دو رشتوں کے حوالہ سے ہر انسان اپنی ذات اور اپنی جان کی حفاظت کرتا ہے۔ ہم روزمرہ زندگی میں دیکھتے ہیں کہ موسم کی تلخیوں اور سختیوں سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر کی جاتی ہیں۔ موسم سرما میں سردی سے بچاؤ کے لئے اپنے جسم کو موٹے اور گرم کپڑوں سے لپیٹا جاتا ہے۔ اپنے جسم کو گرمانے کے لئے ہیٹر وغیرہ کا انتظام ہوتا ہے اور موسم گرما میں گرمی کی حدت کو کم کرنے کے لئے مختلف تدابیر کو بروئے کار لایا جاتا ہے اور جب کوئی بیماری آلیتی ہے تو ڈاکٹرز کی بتلائی ہوئی تمام احتیاطوں پر عمل کرتے ہوئے ان تمام امور سے پرہیز کرتا ہے جو صحت کے لئے مضر ہوتے ہیں اور جب کوئی شخص کسی ایسے پکوان کی دعوت دے جو ڈاکٹر کی بتلائی ہوئی احتیاطوں میں سے ہے تو یہ کہہ کر اس دعوت کو رد کردیتا ہے کہ

''ڈاکٹر نے منع کر رکھا ہے''

روحانی دُنیا میں قرآن کریم بطور ڈاکٹر و حکیم کے ہے اور ایک مومن کو اپنے نفس کی حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ نے بعض اصول قرآن کریم میں بیان فرمائے ہیں۔ جہنم کی آگ سے بچنے کے لئے بعض تدابیر واحتیاطیں بیان فرمائی ہیں۔ بعض امور سے یہ کہہ کر روکا ہے کہ یہ ایک مومن کی روحانی صحت کے لئے مضر ہیں۔ یہ زہریں ہیں جنہیں کھا کر انسان ہلاکت کے سامان خود پیدا کرتا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے مومنوں کو قُوْٓا اَنْفُسَکُمْ (تحریم: 7) کہہ کر اپنے نفوس کو ان برائیوں سے بچنے کی تلقین کی ہے اور سورۃ المائدہ آیت 106 میں عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ کہہ کر مومنوں کو اللہ تعالیٰ نے بتلایا ہے کہ تم ہی اپنے نفوس کے ذمہ دار ہو۔

مندرجہ بالا ہر دو احکام سے ایک ہی نتیجہ سامنے آتا ہے۔ جسے ہم محاسبہ نفس اور خود احتسابی کا نام دے سکتے ہیں اور یہ عمل معاشرہ کی اصلاح میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ماحول، شہر، محلّہ اور کمیونٹی میں بسنے والا ہر شخص اپنے آپ کو ہاں صرف اپنے آپ کو اگر احکام الٰہی، ارشادات رسولؐ، حضرت مسیح موعود اور خلفاء کی نصائح اور فرمودات کا مخاطب سمجھے اور دوسروں پر نگاہ کرنے کی بجائے اپنی اصلاح کی خاطر اپنے نفس اور اپنی ذات پر غور کرے۔ اپنے گناہوں اور برائیوں کو دیکھے تو اصلاح احوال کے عمل میں بہت تیزی آسکتی ہے۔ بالعموم یہ دیکھا گیا ہے اور انسان کی فطرت کا یہ حصہ ہے کہ وہ دوسروں کی بدیوں اور برائیوں کو دیکھتا ہے اُن کا جائزہ بھی لیتا ہے۔ سوسائٹی میں ان کا اظہار کرکے تسکین قلب بھی حاصل کرتا ہے اور اگر کوئی نیکی کا خطاب سن رہا ہو جن میں اخلاق سیئہ کا ذکر ہو اور ان کے بارہ میں دینی تعلیم بیان ہو رہی ہو تو اس کا ذہن اپنی طرف جانے کی بجائے غیر کی طرف جاتا ہے کہ فلاں کے اندر یہ برائیاں موجود ہیں اور اس خطاب کا وہی مخاطب ہے اور اپنے آپ کو وہ بھول جاتا ہے، اپنی ذات کو اس سے علیحدہ کرلیتا ہے خواہ وہ برائیاں اس کے اندر خود بھی موجود ہوں۔ اس مضمون کو ہماری زبان کے محاورہ میں یوں ادا کرتے ہیں کہ دوسرے کی آنکھ میں تنکا بھی نظر آجاتا ہے۔ اپنی آنکھ میں شہتیر بھی نظر نہیں آتا۔

اپنے اندر برائیاں تلاش کرنے کے عمل کو ''محاسبہ نفس'' کہتے ہیں جب انسان اپنے مصروف اوقات کے بعد تنہائیوں کی گود میں جاتا ہے اور گزرے ہوئے لمحات کو یاد کرتا ہے۔ ان پر غور کرتا ہے تو اپنے نفس کو ٹٹولنے کا موقعہ ملتا ہے کہ کون کون سی ذمہ داریاں تھیں جو اس نے ادا کیں اور کن کن کاموں میں کوتاہی ہوگئی یعنی کہ کون سے کام کرنے والے تھے جو نہیں کئے اور کون سے کام کر بیٹھا ہے جو نہیں کرنے چاہئے تھے۔

گویا بیتے ہوئے لمحات کا جائزہ لینا، انہیں پرکھنا اور جانچنا بہت ضروری ہے اور یوں محاسبہ نفس کی عادت سے انسان کے اندر ندامت اور شرمندگی پیدا ہوتی ہے، اسے توبہ واستغفار پہلے سے بڑھ کر کرنے اور اپنے رب اللہ تعالیٰ کی طرف پہلے سے زیادہ جھکنے کا موقعہ ملتا ہے۔ معافی مانگتا ہے اور اپنی اصلاح احوال کے لئے نئے عہد و پیمان باندھتا ہے اور یوں بدیوں کو خیرباد کہہ کر نیکیاں اپنا کر لقائے باری تعالیٰ کی طرف سفر میں تیزی آجاتی ہے۔

ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ طریق تھا کہ آپؐ ہر رات بستر پر جانے سے قبل اپنا خود جائزہ لیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ

''عقل مند وہ ہے جس نے اپنے نفس کو عبادت میں لگایا یعنی اس کا احتساب کیا اور موت کے بعد پیش آنے والے امور کے لئے تیاری کی اور بیوقوف وہ ہے جو اپنے نفس کی پیروی کرے اور اللہ تعالیٰ سے امید رکھے۔''

(ترمذی ابواب صفۃ القیامۃ باب ماجاء فی صفۃ الاوانی الحوض)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں صحابہؓ نے بھی خود احتسابی کے عمل کو اپنایا اور اپنے نفس کا خاموش احتساب کرتے ہوئے زندگی کے سفر کو بہتر سے بہتر منزل کی طرف جاری رکھا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مشہور قول ہے۔

''اپنے نفوس کا احتساب کرلو قبل اس کے کہ تمہارا احتساب کیا جائے۔ بڑی پیشی کے لئے اپنے آپ کو تیار کرلو اور قیامت کے دن اس آدمی کا حساب آسان ہوجائے گا جس نے اس دنیا میں اپنا احتساب کرلیا۔

(ترمذی ابواب صفۃ القیامۃ باب ماجاء فی صفۃ الاوانی الحوض)

اور حضرت میمون بن مہران نے کہا ہے کہ انسان اس وقت تک پرہیزگار شمار نہیں ہوتا جب تک اپنے نفس کا اس طرح محاسبہ نہ کرے جس طرح اپنے شریک کے کھانے پینے اور لباس کے بارے میں کرتا ہے۔

(ترمذی ابواب صفۃ القیامۃ)

حضرت جنید بغدادیؒ نے خود احتسابی کے عمل کو اس طرح بیان فرمایا ہے کہ

''تم ہر لمحہ اس بات کا جائزہ لیتے رہو کہ اللہ سے کتنے قریب ہوئے اور شیطان سے کتنے دُور۔ جنت سے کتنے قریب ہوئے اور دوزخ سے کتنے دُور''

اور علامہ جوزی نے فرمایا ہے کہ شروع دن میں ہر انسان پر لازم ہے کہ وہ اپنے نفس سے شرط طے کرے کہ فلاں کام کروں گا اور فلاں نہیں کروں گا۔ اور رات کو بھی جائزہ لے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل نے لکھا ہے کہ

''صوفیاء نے لکھا ہے کہ آدمی کو چاہئے۔ ہر شام کو سوتے وقت اپنے نفس کا محاسبہ کرے کہ میں نے جو کام کئے وہ لہو ولعب تو نہ تھے۔''

(حقائق الفرقان جلد 3 صفحہ 345)

اور خود اپنے متعلق فرماتے ہیں۔

''میری تو یہ حالت ہے کہ میں جمعہ کے لئے نہا رہا تھا۔ نفس کا محاسبہ کرنے لگا اور اس خیال میں ایسا محو ہوا کہ بہت وقت گزر گیا۔ آخر میری بیوی نے مجھے آواز دی کہ نماز کا وقت تنگ ہوتا جاتا ہے...... اگر میری بیوی مجھے یاد نہ دلاتی تو ممکن تھا اسی حالت میں شام ہوجاتی۔''

(حقائق الفرقان جلد 1 صفحہ 39-438)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جلسہ سالانہ پر 16/مارچ 1919ء کو ایک معرکۃ الآرا تاریخی خطاب فرمایا جو بعد ازاں ''عرفان الٰہی'' کے نام سے طبع ہوا۔ حضور نے اس خطاب میں معرفت الٰہی کے حصول کے ذرائع'' کے تحت انسانی زندگی میں پیش آمدہ گناہ اور بدیوں کے سدباب کے اصول اور طریق بہت تفصیل سے بیان فرمائے اور گزشتہ حساب صاف کرنے اور آئندہ حساب صاف رکھنے اور نیکی میں ترقی کرنے نیز تزکیہ نفس کے جو رہنما اصول بیان فرمائے ان میں سے ایک ''محاسبہ نفس'' ہے۔ جس کے متعلق آپ تحریر فرماتے ہیں کہ

''اس سے اگر انسان فائدہ اُٹھائے تو بہت جلد اسے تزکیہ نفس حاصل ہوجاتا ہے۔''

(عرفان الٰہی انوار العلوم جلد 4 صفحہ 314)

''محاسبہ ہونا چاہئے'' کے تحت آپ محاسبہ کی اہمیت اور ضرورت کو تسلسل میں یوں بیان فرماتے ہیں۔

خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

یعنی اس دن کو یاد کرو جس دن اللہ تعالیٰ ان سب کو مبعوث کرے گا اور ان کے اعمال کی انہیں خبر دے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو گن رکھا ہے لیکن یہ لوگ جن کا فرض تھا کہ ان کو یاد رکھتے یہ ان کو بھول گئے ہیں اور اللہ تعالیٰ تو ہر ایک بات پر نگران ہے۔

(سورۃ المجادلہ آیت: 7)

گویا یاد رکھنے کی ضرورت تو انہیں تھی جنہیں حساب دینا تھا۔ مگر وہ بھولتے رہے اور اللہ گنتا رہا اور یہ نہایت عجیب بات ہے اور خلاف دانش ہے۔ پس اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ محاسبہ ضروری ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے بندہ کے لئے ضروری تھا کہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرتا رہتا کیونکہ اسے قیامت کو حساب دینا تھا۔ اسے چاہئے تھا کہ وہ اپنے اعمال اپنے سامنے رکھتا لیکن اس نے ایسا نہ کیا۔ تو محاسبہ کرنا قرآن کریم سے ثابت ہے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک قول مشہور ہے۔ جسے عام طور پر غلطی سے حدیث سمجھا جاتا ہے کہ

تم اپنا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے۔

(ترمذی ابواب صفۃ القیامۃ باب ماجاء فی صفۃ اوانی الحوض)

(عرفان الٰہی انوار العلوم جلد 4 صفحہ 15-314)

احتساب میں دل کا کردار

نفس کے احتساب میں دل اہم کردار ادا کرتا ہے اور حقیقت میں وہی سب سے بڑا محتسب ہے، وہی انسان کا سب سے بڑا مصلح بھی ہے جو انسان میں موجود اندر کے انسان کو جگائے رکھتا ہے اور بیدار رکھتا ہے اگر دل سوجائے تو انسان بھی سوجاتا ہے۔ دل کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انسان کا مفتی قرار دیا ہے کسی صحابیؓ کے ایک سوال کے جواب میں فرمایا اِسْتَفْتِ قَلْبَکَ (مسند احمد جلد 4 صفحہ 28-227) اور ایک حدیث میں اِسْتَفْتِ نَفْسَکَ کے الفاظ بھی آتے ہیں۔ جس میں مزید لکھا ہے کہ

''نیکی وہ ہے جس سے تمہارا نفس مطمئن ہوجائے اور تمہارا دل تسکین پاجائے اور گناہ وہ ہے جو تمہارے نفس میں کھٹکے اور تمہارے سینے میں تنگی پیدا کرے۔ خواہ دوسرے لوگ اس کے جائز ہونے کا فتویٰ ہی دیں۔'' (مسند احمد جلد 4 صفحہ 228)

ایک اور موقعہ پر فرمایا۔

''ہر انسان کے جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے اگر وہ درست رہا تو سارا جسم درست رہا۔ اگر وہ خراب ہوا تو سارا جسم خراب ہوا اور وہ دل ہے۔''

(بخاری کتاب الایمان باب فضل من استبر الدینہ)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ہر یک خیر اور شر کا بیج پہلے دل میں ہی پیدا ہوتا ہے۔ اگر تیرا دل شر سے خالی ہے تو تیری زبان بھی شر سے خالی ہوگی اور ایسا ہی تیری آنکھ اور تیرے سارے اعضاء۔ ہر یک نور یا اندھیرا پہلے دل میں ہی پیدا ہوتا ہے اور پھر رفتہ رفتہ تمام بدن پر محیط ہوجاتا ہے۔

سواپنے دلوں کو ہر دم ٹٹولتے رہواور جیسے پان کھانے والا اپنے پانوں کو پھیرتا رہتا ہے اور ردّی ٹکڑے کو کاٹتا ہے اور باہر پھینکتا ہے۔ اس طرح تم بھی اپنے دلوں کے مخفی خیالات اور مخفی عادات اور مخفی جذبات اور مخفی ملکات کو اپنی نظر کے سامنے پھیرتے رہواور جس خیال یا عادت یا ملکہ کو ردّی پاؤ اس کو کاٹ کر باہر پھینکو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ تمہارے سارے دل کو ناپاک کردیوے اور پھر تم کاٹے جاؤ۔‘‘

(ازالہ اوہام روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 48-547)

ہم روزمرہ زندگی میں دیکھتے ہیں کہ بدی کرنے والا اپنے فعل سے مطمئن نہیں ہوتا۔ اس کا دل اس کے بدفعل پر کوس رہا ہوتا ہے اور اسے اس کا اندر کا انسان بُرا بھلا کہہ رہا ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ ایسے تمام گناہ چُھپ کر یا اندھیرے میں کئے جاتے ہیں اور بُرا فعل کرنے والے پر ہمیشہ خوف اور ڈر طاری رہتا ہے جیسے چوری کو ہی لیں جو رات کے اندھیرے میں چھپ کر کی جاتی ہے یا دن دھاڑے ڈاکہ مارنے والوں نے کپڑے سے اپنا منہ چھپایا ہوتا ہے کیونکہ ان کا دل ان کے اس فعل پر انہیں ملامت کر رہا ہوتا ہے کہ وہ اچھا نہیں کر رہے۔

اسی طرح جھوٹ بولنے والے، غیبت کرنے والے، چغل خوری سے کام لینے والے، تجسس، عیب جوئی، بدنظری کرنے والے، خیانت اور بددیانتی الغرض تمام افعال شنیعہ بجالانے والے کا دل اسے بُرا بھلا کہہ رہا ہوتا ہے اور اس کا دل ان کے اپنے فعل کے خلاف ہی فتویٰ دے رہا ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ افعال سیئہ بجالانے والے دوسروں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات نہیں کرسکتے اور وہ اپنی نظریں بچا رہے ہوتے ہیں۔

الغرض انسان اگر اپنے آپ کو اپنے نفس کی عدالت میں پیش کئے رکھے اور ہر سانس، ہر لمحہ، ہر دن، ہر رات اپنا تنقیدی جائزہ لیتا رہے تو ہر صبح اس کا ایک نیا جنم ہو رہا ہوگا اور ہر شام اس کی ایک نئی پیدائش ہو رہی ہوگی اور آخری روز خدا کی عدالت میں ایک بے گناہ نومولود معصوم بچے کی طرح پیش ہو رہا ہوگا۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’ہر ایک صبح تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے تقویٰ سے رات بسر کی اور ہر ایک شام تمہارے لئے گواہی دے کہ تم نے ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا۔‘‘

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 12)

الغرض اپنی ذات کو اپنے نفس کے حضور پیش کرنے کا مضمون اصلاح احوال کے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ انسان کے سامنے اپنے تمام ننگ ہوتے ہیں اور باوجود چھپانے کے اس سے چھپ نہیں سکتے۔ اس لئے ایک شاعر نے کہا ہے کہ

مجھے اپنے روبرو نہ کرنا
مجھے اتنا بے آبرو نہ کرنا

کہ مجھے اپنی ذات کے روبرو پیش نہ کرنا اگر ایسا ہوا تو میں اپنے آپ کو بے آبرو سمجھوں گا اور حقیقت میں اگر انسان کی نیت صاف ہو اور وہ اصلاح چاہتا ہو تو اپنے آپ کو اپنے نفس کے سامنے پیش کردے تو بہت سے ننگ انسان کو خود نظر آنے لگ جاتے ہیں اور اصلاح کے مواقع پیدا ہونے لگتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’پس مبارک وہ جو خدا کے لئے اپنے نفس سے جنگ کرتے ہیں اور بدبخت وہ جو اپنے نفس کے لئے خدا سے جنگ کر رہے ہیں اور اس سے موافقت نہیں کرتے۔ جو شخص اپنے نفس کے لئے خدا کے حکم کو ٹالتا ہے وہ آسمان میں ہرگز داخل نہیں ہوگا۔ سو تم کوشش کرو جو ایک نقطہ یا ایک شُعشہ قرآن شریف کا بھی تم پر گواہی نہ دے تا تم اس کے لئے پکڑے نہ جاؤ۔ کیونکہ ایک ذرہ بدی کا بھی قابل پاداش ہے۔ وقت تھوڑا ہے اور کار عمر ناپید۔ تیز قدم اُٹھاؤ کہ شام نزدیک ہے جو کچھ پیش کرنا ہے وہ بار بار دیکھ لو۔ ایسا نہ ہو کہ کچھ رہ جائے اور زیاں کاری کا موجب ہو یا سب گندی اور کھوٹی متاع ہو جو شاہی دربار میں پیش کرنے کے لائق نہ ہو۔‘‘

(کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 26-25)

نفس کو قابو میں رکھنا

اوپر بیان شدہ مضمون کے مقابل پر نفس کے حوالہ سے محاسبہ نفس کا ایک اور پہلو بھی ہے جس کو اصلاح احوال کے حوالہ سے مدنظر رکھنا بھی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ انسان کا نفس انسان کو بسا اوقات مختلف بدیوں کی طرف اکساتا رہتا ہے۔ ترغیب دلاتا ہے۔ اس لئے اس کو قابو میں رکھنا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ جتنا نقصان انسان کو پوشیدہ طور پر اس کا نفس پہنچاتا ہے کوئی اور انسان نہیں پہنچا سکتا۔ یہ مضمون اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں سورۃ یوسف آیت 54 میں یوں بیان فرمایا ہے۔

کہ میں اپنے نفس کو بری قرار نہیں دیتا یقیناً نفس تو بدی کا بہت حکم دینے والا ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

طاقتور پہلوان وہ شخص نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دے اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھتا ہے۔

(بخاری کتاب الادب باب الحذر عند الغضب)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

نفس کو مارو کہ اس جیسا کوئی دشمن نہیں
چپکے چپکے کرتا ہے پیدا یہ ساماں دمار
بڑے موذی کو مارا گر نفس امارہ کو مارا
نہنگ واژدہا و شیر نر مارا تو کیا مارا
جس نے نفس دوں کو ہمت کر کے زیر پا کیا
چیز کیا ہیں اس کے آگے رستم و اسفندیار

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

’’حقیقت یہ ہے کہ نفس کو مارنا دشمن کو مارنے سے بہت زیادہ مشکل کام ہے۔ اگر جماعت صداقت کے اس معیار کو قائم کردے جسے سلسلہ احمدیہ پیش کرتا ہے تو یقیناً اسے کوئی دشمن نقصان نہیں پہنچا سکتا۔‘‘

(جماعت احمدیہ سے قربانی کا مطالبہ انوار العلوم جلد 15 صفحہ 140)

پھر فرمایا۔

’’() تو کہتا ہے کہ شراب نہ پیو۔ پس یہاں وہ اطاعت مراد نہیں جسے غلامی کہتے ہیں۔ قرآن جس کو اطاعت کہتا ہے وہ نظام اور ضبط نفس کا نام ہے یعنی کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ انفرادی آزادی کو قومی مفاد کے مقابلہ میں پیش کرسکے۔ یہ ہے ضبط نفس اور یہ ہے نظام ...... ضبط نفس یا نظام کا انکار کر کے اگر کوئی کہے کہ میں نیک رہ سکتا ہوں تو یہ بالکل غلط بات ہے وہ ضرور خرابی اور فساد کا موجب ہوگا۔‘‘

(تفسیر کبیر جلد 10 صفحہ 156)

اس مضمون کو اپنے منظوم کلام میں آپ یوں بیان فرماتے ہیں۔

تم نے دنیا بھی جو کی فتح تو کچھ بھی نہ کیا
نفس وحشی وجفاکیش اگر رام نہ ہو
ہمیشہ نفس امارہ کی باگیں تھام کے رکھیو
گرادیگا یہ سرکش ورنہ تم کو بیخ پا ہوکر
نفس پر بوجھ ہی ڈالو گے تو ہوگی اصلاح
اونٹ لدتے ہیں یونہی چیخنے چلانے دو

ہم اپنی زندگیوں میں دیکھتے ہیں کہ ہم میں سے اکثر بارگاہ الٰہی میں دُعا کرتے ہیں کہ اے اللہ! مجھے فلاں کے شر سے محفوظ رکھنا اور دُعا کی درخواست کرتے بھی یہ کہتے کہ دعا کریں کہ اللہ فلاں کے شر سے محفوظ رکھے جبکہ انسان کا نفس سب سے بڑا شر ہے اور اس سے بچنے کی دُعا انسان کو خود بھی کرنی چاہئے اور بزرگوں سے بھی اپنے نفس سے بچنے کی دُعا کی درخواست کرنی چاہئے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق احادیث میں آتا ہے کہ آپ جب گھر سے باہر جانے کے لئے نکلتے تو یہ دُعا کیا کرتے تھے۔

کہ اے میرے اللہ! میں گمراہ ہونے سے اور گمراہ کئے جانے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ پھسلنے اور پھسلائے جانے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ ظالم اور مظلوم بننے سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس بات سے بھی کہ میں کسی سے جہالت سے پیش آؤں اور اس پر زیادتی کروں یا مجھ سے ایسا ناروا سلوک کیا جائے۔

(ابوداؤد کتاب الادب باب مایقول الرجل اذا خرج من بیتہ)

یہ پیاری دُعا وہ عظیم انسان مانگتا ہے جس کے متعلق یہ رائی برابر بھی نہیں سوچا جاسکتا کہ وہ کسی پر ظلم کا سوچ بھی سکے مگر جب دُعا کرتے ہیں تو پہلے اپنے نفس کو مخاطب کرتے ہیں کہ اے اللہ! میں اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میرے نفس سے مجھے یا کسی کو تکلیف پہنچے یا کسی نفس پر میری طرف سے ظلم ہو۔

اس کے علاوہ نفس سے بچنے کی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دعائیں ہمیں سکھلائی ہیں اور خود بھی آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں دھرایا کرتے تھے۔ جیسے آپؐ دعا کیا کرتے تھے۔

اے اللہ! مجھے میرے نفس کے شر سے بچا۔

اور اسی طرح یہ دُعا ملتی ہے کہ اے اللہ! مجھے ایک لمحہ کے لئے بھی اپنے نفس کے سپرد نہ کرنا۔

آپؐ کے متعلق شمائل ترمذی میں لکھا ہے کہ آپؐ اپنے نفس کو تین باتوں سے بچا کر رکھتے۔ لڑائی جھگڑے سے، تکبر سے اور جن باتوں سے آپ کا تعلق نہ ہوتا اور تین ہی باتوں سے لوگوں کو بچا رکھا تھا یعنی آپؐ کسی کی مذمت نہ فرماتے نہ ہی کسی کے عیب نکالتے اور نہ اس کی پوشیدہ کمزوریوں کو تلاش کرتے۔

(شمائل ترمذی باب ماجاء فی خلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفحہ 146 طبع نور فاؤنڈیشن)

انسان کو سکون اور امن تب ہی میسر آتا ہے جب انسان کے اندر کا موسم پُرامن اور خوشگوار ہو۔ باہر سے لاکھ ہم آہنگیاں، حمایتیں، محبتیں ملیں دل کو قرار نہیں ملتا۔ اس حال کو شاعر نے یوں بیان کیا ہے

رکھ کے سر سوگئے ہم آتشیں رخساروں پر
دل کو تھا چین تو نیند آگئی انگاروں پر

محاسبہ نفس، جہاد بالنفس

پس نفس کی نگرانی، نفس کی اصلاح، نفس پر قابو پانا ہی جہاد بالنفس ہے جو جہاد اکبر ہے جس کی طرف آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک غزوہ سے واپسی پر ان الفاظ میں اشارہ فرماتا تھا۔

کہ ہم جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف واپس لوٹے ہیں۔

اگر جہاد اکبر یعنی جہاد بالنفس جو محاسبہ نفس ہے ایک انسان میں جاری ہے تو اُخروی زندگی میں اس کا احتساب آسان ہوجائے گا ورنہ سورۃ البقرہ کی آیت 285 إِن تُبۡدُوۡا مَا فِيۡٓ أَنفُسِكُمۡ کے تحت اُخروی زندگی میں محاسبہ ہونا ہے۔ اس کی ابھی سے فکر ہمیں کرنی چاہئے اور اپنی زندگیوں کو محاسبے والی زندگیاں بنانا چاہیے۔

کہتے ہیں کہ رقہ کا باشندہ توبہ بن صمہ اپنے نفس سے روزانہ حساب لیتا تھا۔ ایک دن جب وہ 60 سال کا ہوا تو اس نے اپنے گزرے ہوئے سالوں کے دن گنے تو اکیس ہزار نوسو بنے، وہ چیخ پڑا اور ہائے افسوس کہتے ہوئے اس نے کہا کہ اگر روزانہ ایک گناہ مجھ سے ہوا ہو تو کل 21900 گناہ ہوئے جو میں خدا کے حضور لے کر حاضر ہوں گا۔ حالانکہ انسان روزانہ ہی کئی گناہ کر گزرتا ہے مگر خود احتسابی کا عمل انسان کو بُرے عمل سے روکتا رہتا ہے۔

احتساب اور خلافت جوبلی

یہ احتساب ہر لمحہ بھی ہوسکتا ہے۔ یہ احتساب ہر روز رات کو سوتے میں بھی ہوسکتا ہے جیسا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت تھی۔ یہ احتساب سال بہ سال بھی ہوسکتا ہے جیسا کہ فرمایا مَن قَامَ رمضان ایمانا واحتسابا اور یہ احتساب ایک سو سال گزرنے پر بھی ہوسکتا ہے اور یہی وہ احتساب ہے جس کی طرف آج کا موسم اشارہ کر رہا ہے جب ہم خلافت کے سو سال پورے ہونے پر خلافت کی دوسری صدی میں داخل

ہورہے ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ ہم کس حدتک توحید کو جو خلافت کے قیام کا خلاصہ ہے اپنے دلوں میں اتار سکے ہیں۔ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ہم کس حدتک دینی تعلیمات پرعمل پیرا ہیں۔ہم کس حدتک ان کنتم تحبون اللہ پرعمل کرتے ہوئے آقا ومولیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کرتے ہیں تا اللہ تعالیٰ کے پیار کے حقیقی وارث بن سکیں۔

ہمیں جائزہ یہ لینا ہے کہ کیا ہم نماز پنجوقتہ کے عادی ہوچکے ہیں۔ کیا اللہ کی کتاب قرآن کریم کی تلاوت ہم باقاعدگی سے کرتے ہیں۔کیا اخلاق حسنہ ہمارا زیور ہے اور اعمال سیئہ جیسے جھوٹ ، خیانت ، غیبت ، چغل خوری ،حرص، بخل، بددیانتی ، ریاکاری ، حسد،بغض، کینہ، تکبر، غرور، تجسس ،عیب جوئی وغیرہ سے نفرت کرتے ہیں تا ان کو اپنے سے الگ کر کے ہلکے پھلکے ہوکر خلافت کی نئی صدی میں داخل ہوں ۔ ہمیں اس امر کا بھی جائزہ لینا ہے کہ ہم خلیفۃ المسیح سے محبت کے دعویدار تو ہیں ہم کس حدتک اپنے پیارے امام کے ارشادات پرعمل کرتے ہیں۔کیا ہم خطبہ حضور انور MTA پر باقاعدگی سے سنتے ہیں۔اس حوالہ سے ہم اولاد کی کیا نگرانی کررہے ہیں۔ کیا خلافت جوبلی کے روحانی پروگرام پر ہم عمل کررہے ہیں۔ ہر ماہ روزہ رکھتے ہیں۔ ہر روز دو نفل ادا کرتے ہیں۔ روزانہ دُعاؤں کا ورد کرتے ہیں۔نظام جماعت اور عہدیداران کی اطاعت اور ان سے ہمارا تعلق جماعتی قواعد وضوابط کے مطابق ہے۔

الغرض بہت سے امور ہیں جن میں محاسبہ کے طریق کو جاری کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا،محبت اور قرب کو اور قریب کیا جاسکتا ہے اور اگر ہم احتساب کے اس اہم اصل کو اپنے اوپر لاگو کر کے بدی سے نیکی کی طرف ہجرت کا سفر جاری رکھیں گے تو ہم خلافت کی دوسری صدی میں پاک صاف ہوکر داخل ہورہے ہوں گے۔ خدا ہم سے راضی ہورہا ہوا اور ہم خدا کی گود میں رہیں گے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں

’’ہر ایک شخص کو چاہئے کہ وہ اپنی حالت کو دیکھے۔کیا وہ جس دن اس سلسلہ میں داخل ہوا اس دن اس کی حالت وہ تھی جو آج اس کی ہے۔ ہر ایک آدمی رفتہ رفتہ ترقی کرتا ہے۔اور کمزوریاں آہستہ آہستہ دُور ہو جاتی ہیں ۔گھبرانا نہیں چاہیے۔اصلاح کے واسطے کوشش کرنی چاہیے۔‘‘

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 243)

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل فرماتے ہیں۔

’’انسان ہر روز محاسبہ کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنا معاملہ صاف کرے اگر (خدا سے۔ناقل) تعلقات صحیحہ نہ ہوں تو توبہ کے دروازے بند ہوجاتے ہیں۔‘‘

(خطبات نور صفحہ 115)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ’’عرفان الٰہی‘‘ میں محاسبہ کی تفصیل میں اس کی اقسام بھی بیان فرمائی ہیں۔ فرمایا:۔

محاسبہ کی دو قسمیں ہیں۔ایک قسم جزء سے متعلق ہے اور دوسری کل کے متعلق۔جزء کی آگے تین قسمیں ہیں۔

i۔محاسبہ ابتدائیہ ii۔محاسبہ وسطیٰ iii۔محاسبہ اخریٰ

ہر انسان کو چاہئے کہ کسی کام کے آغاز پر اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور دو سوال پوچھے i۔اس کام کے کرنے کی غرض کیا ہے۔؟ اور ii۔کس کی خاطر وہ یہ کام کرنے لگا ہے؟ ان سوالات سے اس کام کی برائی اس پر ظاہر ہوگی اور خود بخود اس کے دل میں شرمندگی اور ندامت پیدا ہوگی اور نفس کا جوش ٹھنڈا پڑ جائے گا۔ محاسبہ وسطیٰ میں وہ کام کے دوران اپنے نفس سے یہ سوال کرے کہ وہ یہ کام کس طرح کرتا ہے یعنی ذرائع پر غور کرے کہ درست ہیں یا نہیں۔ تیسرا اور آخری سوال کام ختم کرنے کے بعد اپنے نفس سے یہ کرے کہ اس کام کا اثر اس کے دل پر کیا پڑا ہے۔اس سوال کی ضرورت یہ ہے کہ بعض دفعہ انسان نیکی کرتا ہے اور نیک ذرائع سے کرتا ہے مگر اسے کر چکنے کے بعد اس کے دل میں عجب اور تکبر پیدا ہو جاتا ہے اور وہ تباہ ہو جاتا ہے۔

(خلاصہ مضمون عرفان الٰہی انوار العلوم جلد 4 صفحہ 317-315)

’’کلی محاسبہ‘‘ کے تحت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے محاسبہ کی ایک بہت عمدہ ترکیب بیان فرمائی۔

’’انسان سال کے بعد اپنے اعمال کا محاسبہ کرے یا چھ ماہ یا چار ماہ یا ایک ماہ بعد۔اس طرح کرے کہ قرآن کریم کے اوامر اور نواہی پر نشان لگالے اور پھر عہد کرے کہ روزانہ ایک دو تین یا جتنے رکوع پڑھ سکے پڑھا کرے اور پڑھتے وقت اس بات کی احتیاط رکھے کہ طوطے کی طرح نہ پڑھے بلکہ اوامر اور نواہی پر غور کرے اور روزانہ پڑھتے وقت جس حکم کا ذکر آوے اس پر سوچے کہ کیا میں یہ کام کرتا ہوں اور جس نہی کا ذکر آوے اس پر غور کرے کہ کیا میں اس سے باز رہتا ہوں۔اس طرح بآسانی محاسبہ ہوجائے گا۔دیکھو جب کوئی شخص مکان تعمیر کراتا ہے تو انجینئر یا اور کسی واقف کار انسان سے حساب لگواتا ہے تا کہ کوئی چیز رہ نہ جائے اور مکان مکمل نہ ہوسکے۔ اس طرح روحانی عمارت تعمیر کرنے کے لئے قرآن انجینئر ہے۔اس سے پوچھنا چاہئے کہ ہمیں ایمان کی تکمیل کے لئے کون سی چیزوں کی ضرورت ہے اور اس کا یہی طریق ہے کہ قرآن پڑھتے وقت جو جو امر یا نہی آئے اس پر غور کرتے چلے جاویں کہ آیا اس طرح ہمارا عمل ہے یا نہیں۔ یہ ایسا طریق ہے کہ جو بھی کوشش کرے وہ کرسکتا ہے۔ہاں اس میں ایک احتیاط کی بھی ضرورت ہے اور وہ یہ ہے کہ اس معاملہ میں نفس کی بات نہیں ماننی چاہئے۔‘‘

(عرفان الٰہی انوار العلوم جلد 4 صفحہ 318)

حضرت مصلح موعود نے اصلاح احوال کے لئے انتظامی محاسبہ اور پبلک محاسبہ کا طریق بھی جماعت میں رائج فرمایا۔اس کی اہمیت واضح کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

’’میرے نزدیک انتظامی نقائص کی بڑی وجہ عدم محاسبہ ہے۔ جماعت کی طرف سے کوئی محاسبہ نہیں ہوتا جس کی وجہ سے ہمارے اداروں کے کاموں میں غفلت اور سستی چھائی ہوئی ہے۔سستی کی بڑی وجہ یہی ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے اور جب قوم میں یہ جذبہ پیدا ہو جائے تو افسروں کے اندر سستی کا احساس ترقی کرجاتا ہے۔‘‘

(رپورٹ مجلس مشاورت 1952ء صفحہ 42 از سوانح فضل عمر جلد 2 صفحہ 162)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا۔

’’اس بات کا محاسبہ کہ ہم نے کہاں، کس رنگ میں اور کیوں غلطی کی اور آئندہ اس سے بچنے اور اصلاح کرنے کا پروگرام بنانا چاہئے۔‘‘

(خطبات ناصر جلد 4 صفحہ 182)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک رمضان میں احباب جماعت کو نفس کے محاسبہ کی یوں تلقین فرمائی۔

’’جب اپنے نفس کا احتساب کرو گے کہ تم کس حالت میں ہو، روزانہ کیا تمہارا مشغلہ ہے، کیا کیا کام جو بُرے کام تھے تم نے ......چھوڑنے شروع کئے۔کیا کیا کام جو اچھے تھے ان کو پہلے سے زیادہ حسین کر کے تم نے ان پر عمل شروع کیا ہے۔اس کو احتساب کرتے ہیں۔‘‘

(الفضل 29/دسمبر 1999ء)

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسلسل اصلاح نفس، اصلاح احوال اور اصلاح معاشرہ پر خطبات ارشاد فرما رہے ہیں اور کبھی حقوق اللہ کی ادائیگی کے لئے نمازوں کی ادائیگی کی طرف بلا رہے ہیں۔کبھی تخلقوا باخلاق اللّٰہ کے ارشاد کے تحت صفات باری تعالیٰ سے اپنے آپ کو مزین کرنے کی تلقین فرماتے ہیں اور کبھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کو اپنانے کی تلقین ہو رہی ہے اور کبھی اخلاق حسنہ اپنانے اور اخلاق سیئہ کو خیر باد کہنے کی نصیحت کر رہے ہیں۔

مورخہ 25 جنوری 2008ء کے خطبہ میں حضور انور نے نفس کی تطہیر، پاکیزگی اور تزکیہ کرنے کی تحریک فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ اس وقت تک کوئی شخص حقیقی تزکیہ حاصل نہیں کرسکتا جب تک وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن کو پکڑتے ہوئے آپؐ کی لائی ہوئی تعلیم پر ایمان نہیں لاتا۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس خطبہ جمعہ میں حرص، بخل، کینہ، جھوٹ ، حسد اور قرض لے کر واپس نہ کرنے کی عادت کا ذکر کر کے فرمایا کہ تزکیہ قلب کے لئے ان برائیوں کو اپنے اندر سے نکال کر باہر پھینکا جائے تا کہ تزکیہ قلب حقیقی رنگ میں ہو۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے صحابہؓ کی مثال دے کر فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں تزکیہ وتطہیر کا یہ رنگ آپؐ کی تعلیم اور قوت قدسیہ کی وجہ سے صحابہؓ پر چڑھا تھا اور قرآن کریم ہی کی تعلیم ایسی خوبصورت تعلیم ہے جو ہر پہلو سے معاشرے کا تزکیہ کرتی ہے۔

مورخہ یکم فروری کو اسی مضمون کے تسلسل میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے صحابہؓ رسولؐ کے تزکیہ نفوس کی مثال دیتے ہوئے فرمایا کہ

’’صحابہ رسول کا پہلے دن سے ہی تزکیہ ہوگیا تھا۔ اس تزکیہ کی ہی وجہ تھی کہ حکم آتے ہی شراب کے مٹکے توڑ دیئے اور کوئی دلیل نہیں مانگی گئی تو اصل چیز دلوں کی پاکیزگی ہے جو اس عظیم رسولؐ نے کی۔‘‘

(الفضل 6/فروری 2008ء)

محاسبہ نفس کا مضمون اتنا اہم ہے کہ پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے تزکیہ نفس پر تیسرا خطبہ مورخہ 15 فروری 2008ء کو ارشاد فرمایا اور نمازوں کے حوالہ سے احباب جماعت کو اپنی ذات اور اپنے گھروں کے جائزے لینے کی تلقین فرمائی۔

پس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اُن تمام نصائح، ہدایات اور ارشادات کو حرز جان بنائیں۔تا پہلے جیسا معاشرہ پھر سے تشکیل پائے اور ہر طرف سے یہ آواز بلند ہو رہی ہو۔ع

مبارک وہ جو اب ایمان لایا

ٹیف لان Teflon کی ایجاد

ٹیف لان وہ نان سٹک کوٹنگ ہے جو گھر میں کچن میں استعمال ہونے والے برتنوں جیسے فرائینگ پین میں لگائی جاتی ہے اور کھانا پکانے کے دوران سبزی گوشت برتن سے چمٹی نہیں رہتی اس کی ایجاد 6۔ اپریل 1938ء کو ہوئی اس کا موجد Dr. Roy Plunkett تھا جو اس وقت DuPont کی مشہور کمپنی میں بطور کیمسٹ ملازم تھا۔

مسٹر پلن کیٹ کو یہ پروجیکٹ دیا گیا تھا کہ وہ ’’نان ٹاکسک ریفرجنٹ‘‘ دریافت کرے اس وقت وہ نیو جرسی کی جیکسن لیبارٹری میں اپنے ماتحت ملازم Jack Rebok کے ساتھ کام کر رہا تھا اس کے ماتحت نے غلطی سے اس بوتل کا والو توڑ دیا جس کے اندر ’’فری آن گیس‘‘ تھی جس کو ’’پلن کیٹ‘‘ نے تیار کیا تھا مگر ہوا یہ کہ گیس بوتل سے باہر نہ نکلی اگلے روز اس کے ماتحت نے اس سے پوچھا کہ کیا تم نے تمام کی تمام گیس استعمال کر لی تھی۔نفی میں جواب ملنے پر اس نے سوچنا شروع کیا کہ پھر گیس کہاں گئی۔ چنانچہ دونوں نے سلنڈر کا وزن کیا تو وہ پہلے جتنا تھا شاید سلنڈر کے اندر والو پھنس گیا ہو۔ ایسا بھی نہ ہوا تھا چنانچہ انہوں نے سلنڈر کھولنے کا فیصلہ کیا اور اسے میز پر الٹا کر دیا الٹا کرنے پر اس کے اندر سے سفید رنگ کا پاؤڈر میز پر گرا۔مسٹر پلن کیٹ نئی قسم کا ریفرجنٹ تلاش کر رہا تھا جو ایئر کنڈیشنر کے اندر استعمال ہوتا ہے اس نے اب اس پاؤڈر کو انگلی پر رکھ کر چکھا تا کہ معلوم کرے کہ یہ تیزاب تو نہیں؟ فی الحقیقت اس نے ٹیف لان ایجاد کر لیا تھا۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران اس کا استعمال ایٹم بم بنانے میں کیا گیا جنگ کے بعد دنیا کو اس ایجاد کا علم ہوا۔

مکرم نصیر احمد صاحب

نماز باجماعت کی اہمیت

نماز دین کا ایک اہم رکن ہے احادیث نبویہؐ سے ثابت ہے کہ یہ دین کا ستون اور مومن کی معراج ہے۔ نماز کی ادائیگی کے بغیر کوئی شخص عبادت کا حق ادا نہیں کرسکتا۔ قرآن کریم میں ہر جگہ مومنوں کو اقیموا الصلوٰۃ کے الفاظ میں نماز کا حکم دیا گیا جس کے معروف معنی نماز کو باجماعت ادا کرنے کے ہیں۔ قرآن کریم اور احادیث نبویہؐ میں نماز کو باجماعت ادا کرنے کا حکم اس قدر تکرار کے ساتھ آیا ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ نماز باجماعت کی سہولت موجود ہونے کے باوجود اگر کوئی شخص بغیر عذر باجماعت نماز کو ترک کر کے اپنی علیحدہ نماز ادا بھی کرے تو اس کی نماز نہ ہوگی۔ اس مضمون کو حضرت مصلح موعود اس طرح بیان فرماتے ہیں:

''نماز باجماعت کی ضرورت کو عام طور پر (-) بھول گئے ہیں اور یہ ایک بڑا موجب (-) کے تفرقہ اور اختلاف کا ہے اللہ تعالیٰ نے اس عبادت میں بہت سی شخصی اور قومی برکتیں رکھی تھیں مگر افسوس کہ (-) نے انہیں بھلا دیا۔ قرآن کریم نے جہاں بھی نماز کا حکم دیا ہے نماز باجماعت کا حکم دیا ہے خالی نماز پڑھنے کا کہیں بھی حکم نہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز باجماعت اہم اصول دین میں سے ہے بلکہ قرآن کریم کی آیات کو دیکھ کر کہ جب بھی نماز کا حکم بیان ہوا ہے نماز باجماعت کے الفاظ میں ہوا ہے تو صاف طور پر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ قرآن کریم کے نزدیک نماز صرف تبھی ادا ہوتی ہے کہ باجماعت ادا کی جائے سوائے اس کے کہ ناقابل علاج مجبوری ہو۔ پس جو کوئی شخص بیماری یا شہر سے باہر ہونے یا نسیان یا دوسرے (-) کے موجود نہ ہونے کے عذر کے سوا نماز باجماعت کو ترک کرتا ہے خواہ وہ گھر پر نماز پڑھ بھی لے تو اس کی نماز نہ ہوگی اور وہ نماز کا تارک سمجھا جائے گا''۔

(تفسیر کبیر جلد اول ص 105)

اس مضمون کو اپنی کتاب برکات خلافت میں بیان کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''ایک نقص ہے جس کی طرف میں آپ لوگوں کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ بعض نقص گو چھوٹے نظر آتے ہیں مگر بعد میں وہی بہت بڑھ جاتے ہیں اور بڑے نقصان کا موجب ہو جاتے ہیں۔ ہماری جماعت میں ایک نقص ہے اور میں جانتا ہوں کہ وہ بہت حد تک مجبوری کی وجہ سے ہے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ ہر ایک احمدی کو خوب ہوشیار رہنا چاہئے۔ اگر اس نقص کے دور کرنے کی طرف ہماری جماعت نے توجہ اور غور نہ کیا تو تھوڑی مدت میں یہ ایک خطرناک صورت اختیار کرلے گا اور سخت تباہی کا موجب ہو جائے گا۔ وہ نقص نماز باجماعت میں سستی کا ہے۔ بے شک نماز باجماعت پڑھنے میں احمدیوں کو ایک دقت ہے اور وہ یہ کہ...... کے پیچھے تو وہ نماز پڑھ نہیں سکتے اور بعض جگہ احمدی صرف ایک ہی ہوتا ہے اس لئے اسے نماز باجماعت ادا کرنے کا موقع نہیں ملتا اور چونکہ نماز باجماعت ادا کرنے میں انسان کو وقت کی پابندی کرنی پڑتی ہے جب نماز باجماعت نہ ملے تو رفتہ رفتہ انسان سستی کرنی شروع کر دیتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ میں نے جماعت کے ساتھ تو نماز پڑھنی ہی نہیں جس وقت چاہوں گا پڑھ لوں گا اس طرح وہ وقت کی پابندی نہیں کرتا اور آخر اول وقت نماز پڑھنے کی عادت جاتی رہتی ہے یا جمع کر کے نماز ادا کرنے کی عادت ہو جاتی ہے اور نماز باجماعت ادا کرنے سے تو ایسا غافل ہو جاتا ہے کہ اگر کہیں باجماعت نماز پڑھنے کا موقع مل بھی جائے تو بھی سستی کر دیتا ہے گو یہ عادت ایک مجبوری کی وجہ سے اسے پڑتی ہے لیکن احمدیوں میں ہرگز ہرگز سستی نہ ہونی چاہئے۔ جس وقت سستی پیدا ہوئی اسی وقت سے اس جماعت کی تباہی کا آغاز ہو جائے گا (نعوذ باللہ من ذالک) پس جس گاؤں میں کوئی اکیلا احمدی ہے وہ کوشش کرے کہ دوسرا پیدا ہو جائے۔ مجھے امید ہے کہ اگر اس طرح کوشش کرے گا تو خدا تعالیٰ ضرور اس کا ساتھی پیدا کر دے گا۔ لیکن اگر دوسرا ساتھی نہ ہو تو دوسرے گاؤں میں جا کر جہاں کوئی احمدی ہو دوسرے تیسرے دن نماز باجماعت پڑھو اور سستی کی عادت نہ ڈالو۔ اگر تم اس کو بھولے تو یاد رکھو کہ پھر تم ترقی نہیں کرسکو گے۔

وہ احمدی جو بڑے بڑے شہروں میں رہتے ہیں اور ایک دوسرے کے مکان تک ان کا جانا مشکل ہوتا ہے ان کے لئے یہ بات نہایت مشکل ہے کہ ہر نماز کے وقت ایک جگہ جمع ہوسکیں۔ لیکن ان کو چاہئے کہ اپنے محلّہ کے احمدی مل کر باجماعت نماز پڑھا کریں اور کبھی کبھی سارے اکٹھے ہو کر بھی پڑھیں سستی ہرگز نہیں ہونی چاہئے۔ یہ ایسی خطرناک بات ہے کہ اس کے نتائج بہت برے نکلتے ہیں مجھے قرآن شریف سے یہی معلوم ہوا ہے کہ جس کو نماز باجماعت پڑھنے کا موقع ملے اور وہ نہ پڑھے تو اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔ حضرت ابن عباسؓ کا بھی یہی مذہب ہے۔

